قرآنی اخلاقیات
برائے اطفال

# سیریز- ۲

itqan
Institute of Training for Quranic Applications

قرآنی اخلاقیات
برائے اطفال



# بچے اپنے لباس کیسے رکھیں؟

itqan
Institute of Training for Quranic Applications

# وِثیابَکَ فَطَھِّرْ

## اپنے کپڑے پاک رکھو

(سورۃ المدثر: ۴)




اللہ تعالیٰ کے احکامات بہت آسان ہیں۔ بلکہ اسلام ہی ایک آسان دین ہے۔

اس آیت میں ایک حکم دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے کہ آپ اپنا لباس صاف ستھرا رکھیں۔ اس حکم کے ذریعہ دراصل پاکی وصفائی سے متعلق اسلام کے نفاست پسند مزاج کا اظہار ہوتا ہے۔ لباس پاک وصاف رکھنے کا حکم ہر ایک کیلئے ہے، چاہے وہ کوئی بھی ہو اور دنیا کے کسی بھی مقام پر رہتا ہو۔

آیئے اس پر مزید غور کرتے ہیں۔

اللہ تعالی حکم دیتا ہے کہ آپ اپنے کپڑے پاک رکھیں۔
لباس کی پاکی، سادگی، اس کا رنگ اور اس کی سلائی ظاہر کرتی ہے کہ
جس نے لباس پہنا وہ کیسا ہے؟



یعنی یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کیسے ہیں
اور آپ کا دین رہن سہن کے کیا آداب سکھاتا ہے؟

گویا آپ اپنے لباس کے ذریعہ
دین کے مزاج سے اپنی شخصیت سنوارتے ہیں۔

اس لئے تقوی جو دین کی بنیادوں میں سے ہے وہ بھی ایک طرح کالباس ہے۔ قرآن
کریم کی ایک آیت سے اس حقیقت کے علاوہ لباس کا اصل مقصد معلوم ہوتا ہے:

يَا بَنِي آدَمَ قَدْ أَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَارِي سَوْءَاتِكُمْ وَرِيشًا
وَلِبَاسُ التَّقْوَىٰ ذَٰلِكَ خَيْرٌ ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ

---

اے اولادِ آدم، ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے کہ تمہارے جسم کے قابلِ شرم حصّوں کو
ڈھانکے اور تمہارے لیے جسم کی حفاظت اور زینت کا ذریعہ بھی ہو، **اور بہترین لباس تقوی**
**کا لباس ہے**۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے، شاید کہ لوگ اِس سے سبق لیں۔

سورۃ الاعراف: ۲۶



اپنے لباس میں ہمیشہ سادگی اختیار کیجئے۔ رنگ بھی مناسب ہوں
اور دیکھنے میں بھی بھلا معلوم ہوتا ہو۔



## کپڑوں کو پاک رکھنے کے معنی ہیں:

- ❖ ان پر داغ دھبے نہ ہوں
- ❖ وہ گندے اور میلے نہ ہوں
- ❖ غیر ضروری چمکدار، بھاری قیمت اور والدین کی خلاف ورزی جیسے عیبوں سے وہ پاک ہوں

غرض صاف ستھرے کپڑے، پاکیزہ اخلاق ظاہر کرنے والے ہوں۔

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفید رنگ کا لباس بہت پسند فرمایا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

**الْبَسُوا الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ**

سفید لباس پہنو کیونکہ وہ بہت پاکیزہ، بہت صاف
اور بہت اچھا ہے (ترمذی ونسائی)۔

*Pic Courtesy: Google*

itqan

Sri Shrinivas Complex, # 3-12-71,
2nd Floor, Beside Noble Hospital,
Beroon Quila, Raichur - 584101
email: ajacademyraichur@gmail.com